کتب خانہ سرکار

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۰ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۵ شعبان المعظم ۱۳۵۹ھ مطابق ۲۸ ستمبر ۱۹۴۰ء جلد ۵۲

حصہ اول

احکام اجلاس عالی اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	انتظام بحو زمانہ رخصت لیو ترتیب صاحب کمانڈنٹ و ملٹری سکریٹری بہادر	۲	۴	منظوری تنظیم عہدہ ... پرائیوٹ سکریٹری بہادر و صاحب اسسٹنٹ ملٹری سکریٹری بہادر	۳ و ۴
۲	استعفا و سبکدوشی ... ممبر صاحب بہادر مجلس مقننہ ریاست رامپور	۲			
۳	منظوری تجویز اضافہ ملازمان دارالانشاء	۳	۵	منظوری امور توضیحی نسبت ردبی لون	

:- آرڈرس آف کونسل رامپور اسٹیٹ -:

۱	منظوری اشاعت اعلانات متعلق ترمیمات قواعد محافظت ...	۶	۵	منظوری تعیین ماسٹر حسن عادل ایم۔ اے لیکچرار اکنامکس و ماسٹر اصغر علی عباسی۔ ایم۔ اے لیکچرار انگلش ...	۹
۲	״ ״ اعلان دربارہ استثناء باشندگان ممالک غیر	۷	۶	منظوری تقرر مولوی محمد ... بعہدہ عارضی اڈیشنل ... سپرنٹنڈنٹ مع عطائے اختیارات افسر صیغہ	۱۰
۳	״ ״ اعلان دربارہ عدم تعلق احکام ... قواعد رجسٹری باشندگان ممالک غیر ... مندرجہ اعلان	۸			
۴	منظوری التوائے ...	۹			

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار ۱؎ (مسوری) واقع ۲۳ ستمبر ۱۹۳۰ء

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

عالیمرتبت صاحب چیف کمانڈنٹ وملٹری سکریٹری بہادر کے ایام رخصت میں ہاؤس ہولڈ ڈپارٹمنٹ کا کام بھی لفٹننٹ کرنل عزیز حسن خاں بہادر انجام دیتے ہیں۔ آئندہ سے ہاؤس ہولڈ ڈپارٹمنٹ کا کام سینئر سکریٹری ہاؤس ہولڈ بحیثیت مفسر انچارج (بایام رخصت عالیمرتبت صاحب چیف کمانڈنٹ وملٹری سکریٹری بہادر) انجام دیں گے۔ فوج کا کام لفٹننٹ کرنل عزیز حسن خاں بہادر انجام دیں گے۔ لیکن عالی مرتبت صاحب چیف کمانڈنٹ وملٹری سکریٹری بہادر کے فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کے ساتھ برٹش انڈیا میں جانے کے بعد روبکار مصدرہ ۱۰ جون ۱۹۳۰ء پر عملدرآمد ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حکم ۲؎ (مسوری) واقع ۲۳ ستمبر ۱۹۳۰ء

بموجب رپورٹ تحت دفعہ ۱۴(ب) قانون اسلحہ ریاست رامپور ۱۹۲۳ء ممبر صاحبان بہادر مجلس منتظمہ کو دو اسلحہ کے لائسنس سے علاوہ اسلحہ ممنوعہ اور پستول و ریوالور مستثنیٰ کیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

قبل ازیں پیشگاہ ہمایوں سے بتاریخ ۲۹ اگست ۱۹۳۰ء روبکار جاری ہوا ہے کہ:-

"چونکہ ہمیں ممبران بہادر مجلس منتظمہ ریاست رامپور کی افزائش عزت و وقار کا خیال ہے اس لئے ہمارا منشا ہے کہ انہیں اسلحہ کے لئے لائسنس سے مستثنیٰ کیا جائے۔ اسٹیٹ کونسل اس کے متعلق قواعد میں ضروری ترمیم کرکے رپورٹ پیش کرے۔"

چنانچہ حسب منشاء حکم ہمایوں اسٹیٹ کونسل نے جلسہ منعقدہ ۱۶ ستمبر ۱۹۳۰ء میں اس معاملہ پر غور کیا

اور کسی ترمیم کی ضرورت محسوس نہ کرتے ہوئے اتفاق کیا کہ تحت دفعہ ۲۴ (الف) قانون اسلحہ ریاست ۱۹۲۳ء ممبر صاحبان بہادر مجلس مقننہ کو دو اسلحہ کے لائسنس سے علاوہ اسلحہ ممنوعہ اور پستول دریوالور مستثنیٰ فرمائیجانیکی بابتہ حضور معلےٰ میں عرض کیا جائے۔ لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔

دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۷ ستمبر ۱۹۳۰ء

حکم :- (مسودی) واقع ۲۳ ستمبر ۱۹۳۰ء

بصراحت رپورٹ تجویز اضافہ تنخواہ منظور ہے سر رشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض　　می رساند

جناب عالی

دار الانشاء کے تین ملازمان منشی انوار الحسن محافظ دفتر کو نو سال سے منشی عزیز الحسن ناظر کو بارہ سال سے اور بابو بشن سروپ انگلش ریکارڈ کیپر کو آٹھ سال سے کوئی ترقی نہیں ملی ہے۔ بلکہ اس کے برخلاف پندرہ روپیہ ماہانہ الاونس جو بابو بشن سروپ کو ۱۹۲۲ء سے ۱۹۳۰ء تک ملتا رہا تھا، مسدود ہو گیا۔ منشی انوار الحسن کا الاونس تعدادی پندرہ روپیہ ماہانہ بھی ۱۹۳۰ء میں مسدود ہو گیا۔ لہذا ان کی خدمات کی اہمیت اور استحقاق کا لحاظ کرتے ہوئے ترقی خواہ کی تجویز ہے کہ محافظ دفتر کو دس روپیہ ماہانہ۔ ناظر کو پانچ روپیہ ماہانہ۔ اور انگلش ریکارڈ کیپر کو پندرہ ماہانہ اضافہ یکم مئی ۱۹۳۰ء سے دلایا جائے۔ جس سے صیغہ فائنانس کو اتفاق ہے۔ اسٹیٹ کونسل نے بھی جلسہ منعقدہ ۱۱ ستمبر ۱۹۳۰ء میں تجویز اضافہ تنخواہ معروضہ بالا سے اتفاق کیا ہے۔ لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری اضافہ تنخواہ حسب معروضہ بالا شرف نفاذ پائے۔ بعد صدور منظوری رقم اضافہ فی الحال موجودہ بجٹ متعلقہ سے ادا ہو گی۔ ختم سال کے قریب بشرط ضرورت منتقلی کی کارروائی ہو سکے گی۔

زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۲ ستمبر ۱۹۳۰ء

روبکار :- واقع ۲۳ ستمبر ۱۹۳۰ء

(مسودی)

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ حسب نقشہ منسلکہ فلیگ "الف" تنظیم عملہ دفاتر صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر و صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر و صاحب اسسٹنٹ ملٹری سکریٹری بہادر کی منظوری دیجاتی ہے۔ جس طرح اہلکاران دار الانشاء کے تین اہلکاران کی تجویز اضافہ تنخواہ یکم مئی ۱۹۳۰ء سے

بتاریخ امروزہ منظور کی گئی ہے۔ اسی طرح اہلکاران ہاؤس ہولڈ کی کثرت کار و اہمیت خدمات کا لحاظ کرتے ہوئے منظور کیا جاتا ہے کہ تنظیم عملہ دفاتر ہاؤس ہولڈ میں اضافہ تنخواہ سینیر کلرک دفتر صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر اور اسسٹنٹ کلرک دفتر صاحب اسسٹنٹ ملٹری سکریٹری بہادر کا عملدرآمد یکم مئی سنہ ۱۹۴۰ء سے ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نقشہ اسٹبلشمنٹ دفاتر سکریٹری صاحبان بہادر ہاؤس ہولڈ

	نام	موجودہ			مجوزہ			کمی	بیشی	
		عہدہ	تعداد	تنخواہ	عہدہ	تعداد	تنخواہ			
دفتر صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر	منشی ولی احمد	کلرک	۱	[illegible]	سینیر کلرک	۱	[illegible]	.	[illegible]	
	.	اسسٹنٹ کلرک	۱	[illegible]	کلرک	۱	[illegible]	.	[illegible]	بجگہ اسسٹنٹ کلرک کا آسامی کلرک ہاؤس کیپر کا تبادلہ ہو گیا ہے اس لئے یہ آسامی زیر انتظام ہے
	یوسف خاں	اردلی	۱	[illegible]	اردلی	۱	[illegible]	.	.	
	محمد حسین	〃	۱	[illegible]	〃	۱	[illegible]	.	.	
	غلام حسین	چپراسی	۱	[illegible]	چپراسی	۱	[illegible]	.	.	
					[illegible]	۱	[illegible]	.	[illegible]	
					[illegible]	۱	[illegible]	.	[illegible]	بذریعہ [illegible] صاحبان بہادر ہاؤس ہولڈ کے دفاتر کا کام کرے گا۔
	میزان		۵	[illegible]		۷	[illegible]	.	[illegible]	

	نام	موجودہ			مجوزہ			کمی	بیشی
		عہدہ	تعداد	تنخواہ	عہدہ	تعداد	تنخواہ		
دفتر صاحب اسسٹنٹ ملٹری سکریٹری بہادر	[illegible]	[illegible]	۱	[illegible]	[illegible]	۱	[illegible]	.	.
	[illegible]	[illegible]	۱	[illegible]	[illegible]	۱	[illegible]	.	[illegible]
	[illegible]	اردلی	۱	[illegible]	اردلی	۱	[illegible]	.	.
	چھٹن	چپراسی	۱	[illegible]	چپراسی	۱	[illegible]	.	.
	شبن	〃	۱	[illegible]	〃	۱	[illegible]	.	.
	میزان		۵	[illegible]		۵	[illegible]	.	[illegible]

	نام	موجودہ			مجوزہ			کمی	بیشی
		عہدہ	تعداد	تنخواہ	عہدہ	تعداد	تنخواہ		
دفتر صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر	منشی سید علی [illegible] صاحب	[illegible]	۱	[illegible]	[illegible]	۱	[illegible]	.	.
	منشی [illegible] علی خاں	[illegible]	۱	[illegible]	[illegible]	۱	[illegible]		
	عزیز اللہ	اردلی	۱	[illegible]	اردلی	۱	[illegible]		
	محمد احمد	اردلی	۱	[illegible]	〃	۱	[illegible]		
	نصیر الدین	چپراسی	۱	[illegible]	چپراسی	۱	[illegible]		
	حبیب الرحمن	〃	۱	[illegible]	〃	۱	[illegible]		
	میزان		۶	[illegible]		۶	[illegible]		
	میزان کل		۱۲	[illegible]		۱۸	[illegible]		[illegible]

حکم:- واقع ۱۳ ستمبر ۱۹۴۰ء

(مسوری)

حسب صراحت رپورٹ۔ امور توضیحی کی منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذات عالی مرتبت جناب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلی حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض می رساند

جناب عالی

گورنمنٹ آف انڈیا میں ڈیفنس سیونگ پراویڈنٹ فنڈ جاری کیا گیا ہے۔ اس کے متعلقہ قواعد کا لحاظ کرتے ہوئے عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر نے سلسلۂ روبکار اجلاس ہمایوں صدرہ ۱۰ رجون ۱۹۴۰ء متعلق روپی لون امور مندرجہ ذیل کو قابل وضاحت ظاہر کیا ہے۔

(۱) چندہ دہندگان کی ملازمت سے علیحدگی پر انکی مجتمعہ رقم مع رقم ازدیادی اسی شرح سے جو گورنمنٹ سے ایزاد ملے گی ادا کیجائے گی دوران ملازمت میں انتقال ہوجانے کی صورت میں چندہ دہندگان کی مجتمعہ رقم انکے جائز ورثا کو حسب دفعہ ۲۲ قواعد جی۔ پی فنڈ ادا ہوگی۔

(۲) چندہ دہندگان کا روپیہ بموجب دفعہ (۳۱) قواعد فنڈ بالکل محفوظ رہیگا۔ بصورت موقوفی یا جرم سنگین میں گرفتاری کی وجہ سے قابل ضبطی نہ ہوگا۔ اور بوجہ کسی قرضہ یا کسی اس رقم کے جس کا چندہ دہندہ ذمہ دار نہ ہو۔ کسی عدالت کے حکم سے چندہ قرق نہ ہو سکیگا۔

(۳) دفعہ ۲۱ پراویڈنٹ فنڈ کی رو سے چندہ دہندگان رقم مجتمعہ کے منجملہ قرضہ لینے کے مجاز ہیں۔ لیکن جو رقم روپی لون یا کسی دیگر قرضہ برائے امداد جنگ میں لگائی جائے گی۔ اس کے منجملہ کوئی قرضہ ادا نہیں کیا جائیگا۔ کیونکہ قرضہ کا دینا امدادی مقاصد کے منافی ہے۔

نوٹ لیکن جو رقم پراویڈنٹ فنڈ کی علاوہ قرضہ بنابر امداد جنگ سے گورنمنٹ رامپور کے زیر انتظام ہوگی اُن سے چندہ دہندگان پراویڈنٹ فنڈ بموجب قواعد پراویڈنٹ فنڈ بدستور مستفید ہونگے

(۴) گورنمنٹ ہند نے اپنے ملازمان کے لئے حال میں "ڈیفنس سیونگ پراویڈنٹ فنڈ" جاری کیا ہے۔ ممکن ہے کہ افسران مستعار الخدمت اپنی رقم اس میں لگانا بہتر سمجھیں لہذا جو ملازمان مستعار الخدمت برٹش انڈیا کے ڈیفنس سیونگ پراویڈنٹ فنڈ میں حصہ لینا چاہیں تو وہ بجائے اپنی تنخواہ کا ۱/۲ فیصدی روپی لون میں بوساطت فائنانس ڈپارٹمنٹ کے لگانے کے ڈیفنس سیونگ پراویڈنٹ فنڈ میں رقم بقدر اسی شرح یا زائد کے مجاز ہوسکتے ہیں۔ لیکن فائنانس ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ رامپور کو اس کی بابت پیشتر سے اطلاع دینا ضروری ہوگا۔

اسٹیٹ کونسل نے جلسہ منعقدہ ۱۰ ستمبر ۱۹۴۰ء میں امور توضیحی مندرجہ بالا سے اتفاق کر لیا ہے۔

لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب

دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۸ ستمبر ۱۹۴۰ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
ایک نقل درج گزٹ ہو۔　　۲۳ ستمبر ۱۹۴۰ء
دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ واقع ۲۶ ستمبر ۱۹۴۰ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۳ ستمبر ۱۹۴۰ء میں عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت اشاعت تین عدد اعلانات منسلکہ متعلق ترمیمات قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور ۱۹۳۹ء مطابق ترمیمات مجریہ گورنمنٹ ہند پیش ہو کر طے پایا کہ

تینوں اعلانات منسلکہ کا منجانب گورنمنٹ رامپور درج گزٹ کیا جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل دار الانشا کو بھیجی جائے۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو ارسال کیجائے۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل۔

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲ قانون تحفظ ہند ریاست رامپور ۱۹۳۹ء گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور ۱۹۳۹ء کے قاعدہ (۲) فقرہ (۲) میں ترمیم مطابق ترمیم مجریہ گورنمنٹ ہند مورخہ ۲۳ جولائی ۱۹۴۰ء منظور کرتی ہے۔

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲ قانون تحفظ ہند ریاست رامپور ۱۹۳۹ء گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور ۱۹۳۹ء کے قاعدہ ۱۰۳ (۱۰۳) فقرہ (۲) میں ترمیم مطابق ترمیم مجریہ گورنمنٹ ہند مورخہ ۲۷ جولائی ۱۹۴۰ء منظور کرتی ہے۔

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲ قانون تحفظ ہند۔ ریاست رامپور ۱۹۳۹ء گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور ۱۹۳۹ء کے قاعدہ ۹ ضمن (۱) میں ترمیم مطابق ترمیم مجریہ گورنمنٹ ہند مورخہ ۲۵ جولائی ۱۹۴۰ء منظور کرتی ہے۔

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ مورخہ ۲۶ ستمبر ۱۹۴۰ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۳ ستمبر ۱۹۴۰ء میں عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت منظوری اعلان منسلکہ در بارہ استثناء باشندگان ممالک غیر پیش ہو کر طے پایا کہ

اعلان منسلکہ کا منجانب گورنمنٹ رامپور درج گزٹ کیا جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل دارالانشاء کو بھیجی جائے۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو ارسال کیجائے۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکرٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

اعلان

دربارۂ استثناء باشندگان ممالک غیر

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۶ قانون رجسٹری باشندگان ممالک غیر ریاست رامپور ۱۹۳۹ء گورنمنٹ رامپور اعلان کرتی ہے کہ احکامات قاعدہ (۷) ضمن (۳) و قاعدہ (۱۵) ضمن (۱) قواعد رجسٹری باشندگان ممالک غیر ریاست رامپور ۱۹۳۹ء کسی فرانسیسی رعایا سے جس کی رجسٹری برطانوی ہند میں ہوتی ہو متعلق نہونگے جب وہ کسی موقعہ پر برطانوی ہند سے کسی مقام موقوعہ فرانسیسی مقبوضات ہند کو جانے کی غرض سے روانہ ہو۔

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

واقع ۲۳ ستمبر ۱۹۴۰ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۳ ستمبر ۱۹۴۰ء میں عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت منظوری اشاعت اعلان منسلکہ بہ گزٹ نسبت عدم تعلق احکام قاعدہ ۱۰ (۲) قواعد رجسٹری باشندگان ممالک غیر ریاست رامپور ۱۹۳۹ء از اشخاص مندرجہ فہرست منسلکہ پیش ہوکر طے پایا کہ:-

اعلان منسلکہ منجانب گورنمنٹ رامپور مع گزٹ کیا جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل دارالانشاء کو بھیجی جائے۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو ارسال کیجائے۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکرٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۶ قانون رجسٹری باشندگان ممالک غیر ریاست رامپور ۱۹۳۹ء گورنمنٹ رامپور اعلان کرتی ہے کہ احکام قاعدہ (۱۰) (۲) قواعد رجسٹری باشندگان ممالک غیر ریاست رامپور ۱۹۳۹ء اشخاص مندرجہ فہرست منسلکہ اعلان ہذا سے متعلق نہوں گے۔

فہرست

(۱) ڈاکٹر لیگن فشر شوڈر۔ انچارج شوڈر میموریل ہسپتال رانی پیٹ۔

(۲) ڈاکٹر پال فار رسل۔ نیوسل راک فیلر فاؤنڈیشن انٹرنیشنل ہیلتھ ڈویژن۔ نیو یارک

(۳) دی موسٹ ریورنڈ لوی متھاس۔ ایس۔ سی۔ رومن کیتھولک آرچ بشپ۔ مدراس۔

آرڈر ان کونسل رامپور اسٹیٹ۔

واقع ۲۳ ستمبر سنہ ۱۹۴۰ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۳ ستمبر سنہ ۱۹۴۰ء میں عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز بہ خلاصہ پیش ہوئی کہ مردم شماری کا کام روز بروز زیادہ ہوتا جا رہا ہے۔ اور چونکہ ہوم آفس میں کوئی کلرک مردم شماری کے کام کے سلسلہ میں مقرر نہیں کیا گیا ہے۔ لہذا منشی من پھول کشور ناظر سے علاوہ اوقات دفتر کام لیا جا رہا ہے۔ مناسب ہوگا کہ منشی من پھول کشور ناظر ہوم آفس کو ماہ اگست سنہ ۱۹۴۰ء سے مبلغ دس روپیہ ماہانہ الاؤنس بجٹ مردم شماری سے دلایا جائے۔ جس سے صیغہ فائنانس کو اتفاق ہے۔

طے پایا کہ

حسب تجویز، منشی من پھول کشور ناظر ہوم آفس کو دس روپیہ ماہانہ الاؤنس بصلہ انجام دہی کار مردم شماری از ماہ اگست سنہ ۱۹۴۰ء دلایا جانا منظور ہے۔ رقم الاؤنس بجٹ مردم شماری سے ادا ہوگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر ان کونسل رامپور اسٹیٹ۔

واقع ۲۳ ستمبر سنہ ۱۹۴۰ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۳ ستمبر سنہ ۱۹۴۰ء میں حکم عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۱۲ ستمبر سنہ ۱۹۴۰ء حسب ذیل مضمون پیش ہوا کہ:۔

"ماسٹر حسن عادل۔ ایم۔ اے۔ لیکچرار اکنامکس۔ اور ماسٹر اصغر علی عباسی ایم۔ اے۔ لیکچرار انگلش۔ رضا انٹر کالج شاہرہ دارن اسی اسی روپیہ ساکنان ضلع غیر کا عارضی تقرر برائے ایک سال ہوا تھا۔ ان کی مدت غیر مستقل علی الترتیب ۲۴ جولائی سنہ ۱۹۴۰ء اور ۹ اگست سنہ ۱۹۴۰ء کو ختم ہوگئی۔ لہذا حسب تجویز عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر ہر دو ملازمان مذکورہ بالا کی مدت ملازمت غیر مستقل میں چھ ماہ کی توسیع از تاریخ ختم مدت بشاہرہ موجودہ منظور کی جاتی ہے۔

طے پایا کہ:۔

کونسل کو حکم مصرحہ بالا سے اتفاق ہے۔

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے ترتیب مسل سررشتہ چیف کو مرسل ہو۔ ایک نقل سررشتہ صدر سے برائے اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو بھیجی جائے۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

اخبارات کونسل رامپور اسٹیٹ :-

واقع ۲۶ ستمبر سنہ ۱۹۲۰ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۰ ستمبر سنہ ۱۹۲۰ء
میں حکم عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
مورخہ ۱۲ ستمبر سنہ ۱۹۲۰ء بدیں مضمون پیش ہوا کہ :-

"عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی
تجویز ہے کہ مولوی محمد بقا۔ ریٹائرڈ انسپکٹر یو۔ پی
بعہدۂ عارضی اڈیشنل اگریکلچرل سپرنٹنڈنٹ۔
محکمہ زراعت برائے سات ماہ بمشاہرہ ایک سو
پچاس روپیہ از یکم ستمبر سنہ ۱۹۲۰ء بعطائے اختیارات
افسر صیغہ مقرر کیا جائے۔ مصارف تنخواہ کے لئے
ڈیولپمنٹ فنڈ سے رقم ادا ہوگی۔ جس کی منظوری
ڈیولپمنٹ بورڈ اور کونسل نے دے دی ہے۔
لہذا حسب تجویز مولوی محمد بقا۔ کا تقرر بعہدۂ عارضی
اڈیشنل اگریکلچرل سپرنٹنڈنٹ برائے سات ماہ
از یکم ستمبر سنہ ۱۹۲۰ء بمشاہرہ ایک سو پچاس روپیہ
منظور کیا جاتا ہے۔ عطائے اختیارات کے بارہ
میں جداگانہ عرضداشت پیش کی جائے"

طے پایا کہ :-

کونسل کو حکم مصرحۂ بالا سے اتفاق ہے

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی
ترتیب مسل سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔
حکم ہوا کہ ایک نقل سررشتہ صدر سے برائے
اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو بھیجی جائے۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری اہل کونسل